نیوز ریلیز

تمام 12+ البرٹنز کووِڈ-19 ویکسین کیلئے اہل ہیں

05 مئی، 2021ء

12 سال سے زائد عمر کے تمام البرٹنز اپنے آپ کو بچانے اور بڑھتی ہوئی لہر کو روکنے کیلئے جلد ہی کووِڈ-19 ویکسین کے اہل ہوں گے۔

شدید نتائج سے بچنے کیلئے سب سے زیادہ خطرے والے البرٹنز کو ویکسین لگانے کے بعد، البرٹا اب فیز 3 کی جانب بڑھ گیا ہے، جہاں 12 سال سے زائد عمر کا ہرفرد اپنی پہلی خوراک لگوانے کیلئے اپوائنٹمینٹ بنوا سکتا ہے۔

اس توسیع کے ساتھ، 3.8 ملین البرٹنز کووِڈ-19 ویکسین کے اہل ہوجائیں گے۔

بکنگ سسٹمز میں بھاری اکثریت سے آنے والوں سے بچنے کیلئے، اپوائنٹمینٹس عمر کے دو گروپوں کی صورت میں بنائی جائیں گی۔

- 6 مئی سے، 30 سال یا اس سے زائد عمر کا ہر البرٹن (جو 1991ء یا اس سے پہلے پیدا ہوا تھا)، البرٹا ہیلتھ سروسز یا حصہ لینے والی فارمیسی کے ذریعے اپوائنٹمینٹ بک کروا سکتا ہے۔
- 10 مئی کو، 12 سے 29 سال کی عمر کے البرٹنز (جو 2009ء سے 1992ء میں پیدا ہوئے تھے)، کو شامل کرنے کیلئے اپوائنٹمینٹ بکنگ میں توسیع ہوگی۔

صوبے بھر میں اب ویکسین کی 1.66 ملین سے زائد خوراکیں لگائی جا چکی ہیں۔ ویکسین کی تمام اپوائنٹمینٹس کا دارومدار البرٹا کو ملنے والی فراہمی پر جاری رہے گا۔

ایم آر این اے ویکسین لگوانے کیلئے تمام اہل البرٹنز اے ایچ ایس کے ساتھ آن لائن یا 811 کے ذریعے اپوائنٹمینٹس بک کروا سکیں گے۔

البرٹنز حصہ لینے والی فارمیسیوں کے ذریعہ بھی ان ویکسینز کیلئے اپوائنٹمینٹ بک کروا سکتے ہیں۔ بکنگ کی جلد از جلد دستیاب تاریخ والا اپنے قریبی مقام تلاش کرنے کیلئے، البرٹا بلیو کراس پر موجود فہرست کو چیک کریں۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کی صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

متعلقہ معلومات

- اپنی کووِڈ-19 ویکسین کی اپوائنٹمینٹ بک کروائیں

میڈیا انکوائریز

ٹام میکملن (Tom McMillan)

780-422-4905

اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

مزید ترجمہ شدہ حکومتی وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx*